فیضِ صحبتِ ابرار یہ دردِ محبت ہے
امینِ نصیحت و سنتوں کی اشاعت ہے

سلسلہ مواعظِ حسنہ نمبر ۲۱

سلسلہ
نشر و اشاعت
نمبر ۲۳۵

اہل اللہ اور صراطِ مستقیم

عارف باللہ حضرت اقدس مولانا
شاہ حکیم محمد اختر صاحب
دامت برکاتہم

زیرِ سرپرستی: یادگارِ خانقاہِ امدادیہ اشرفیہ پوسٹ بکس نمبر 2074 جامع مسجد قدسیہ
بالمقابل چڑیا گھر شاہراہ قائد اعظم لاہور - پوسٹ کوڈ نمبر 54000 ☎ 042 - 6370371 / 042 - 6373310

ناشر: انجمن احیاء السنۃ (رجسٹرڈ) نصیر آباد باغبانپورہ، لاہور
پوسٹ کوڈ نمبر: 54920 - ☎ - 042 - 6861584 / 042 - 6551774

اہل اللہ اور صراطِ مستقیم

عارف باللہ حضرتِ اقدس مولانا
شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

☆

انجمن احیاء السنۃ (رجسٹرڈ) نفیر آباد باغبان پورہ، لاہور

سلسلۂ اشاعت دعوۃ الحق نمبر ۱۳۵

نام وعظ ــــــــــ اہل اللہ اور صراطِ مستقیم

واعظ ــــــــــ عارف باللہ حضرتِ اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

جامع و مرتب ــــــــــ سید عشرت جمیل میر

کتابت ــــــــــ محمد علی زاہد

ناشر ــــــــــ انجمن احیاء السنۃ (رجسٹرڈ) لاہور

اشاعتِ اوّل ــــــــــ رمضان المبارک ۱۴۱۹ ہجری

ملنے کے پتے

شعبۂ نشر و اشاعت خانقاہ امدادیہ اشرفیہ اشرف المدارس

گلشن اقبال بلاک ۲، پوسٹ بکس نمبر ۱۱۱۸۲، کراچی ۴۷ - فون : ۴۶۱۹۵۸

ڈاک کے ذریعہ مواعظ کی ترسیل صرف ان پتوں سے ہوتی ہے :

یادگارِ خانقاہ امدادیہ اشرفیہ، بالمقابل چڑیا گھر لاہور۔ فون : ۶۳۷۰۳۷۱/۶۳۷۳۳۱۰

انجمن احیاء السنۃ رجسٹرڈ نصیر آباد باغبانپورہ، لاہور۔ فون : ۶۵۵۱۷۷۴/۶۸۶۱۵۸۴

نگرانِ اشاعت :

ڈاکٹر عبد المقیم

خلیفہ مجاز : عارف باللہ حضرتِ اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

جس فعل سے اللہ ناراض ہے اس سے بھی احتیاط کرو کہ وہ معذب قوموں کا ورثہ ہے ہر گناہ کسی نہ کسی معذب قوم کی وراثت اور ترکہ ہے۔

اب میں منعم علیہم کی تفسیر اور شرح کرنا چاہتا ہوں اور خصوصاً صدیقین کی شرح کر کے تقریر ختم کرتا ہوں۔

نبی کی تعریف

مِنَ النَّبِيِّنَ جن کو ہم نے نبوت سے نوازا یعنی جن انسانوں پر فرشتہ اللہ کی طرف سے وحی لے آتا تھا مگر نبوت کا دروازہ اب بند ہو چکا اور حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم آخری نبی ہیں اور تمام نبیوں کے سردار ہیں۔ اب قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا۔ پیغمبری اختیاری چیز نہیں ہے لیکن راہِ پیغمبری پر چلنا اختیاری چیز ہے۔ شیطان و نفس کے کہنے پر ڈسٹمپری کاراستہ اختیار نہ کیجئے راہِ پیغمبر پر چلئے اختر کا شعر سنئیے۔

خاک ہو جائیں گے قبروں میں حسینوں کے بدن
ان کے ڈسٹمپر کی خاطر راہِ پیغمبر نہ چھوڑ

خدائے تعالٰے ہم سب کو توفیق دے، صورتیں بدلنے والی ہیں بس چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات۔ اس چاند سے تعلق کرو جہاں اندھیرا نہیں ہوتا، اس سورج سے تعلق رکھو جو غروب نہیں ہوتا اور وہ اللہ تعالٰے کی نسبت کا نام ہے۔ جس شخص کو حق تعالٰے نے اپنی نسبت دے دی وہ خالقِ آفتاب سے وابستہ ہے وہاں سورج غروب نہیں ہوتا، وہاں کبھی اندھیرا نہیں ہوتا اسی لیے اللہ والے ہر وقت مست رہتے ہیں۔ اپنے اللہ کے قرب کے آفتاب سے ہر وقت روشن رہتے ہیں اور دوسروں کو بھی روشن کر دیتے ہیں بشرطیکہ وہ اپنی زمین پیش